11335- ملازمت کے لیے نقلی سندیں اور سر ٹیفکیٹ تیار کرنا

سوال

ایک شخص ملازمت کرنا چاہتا ہے، اور وہ کام مکمل طور پر صحیح اور امتحان میں کامیابی سے کر سکتا ہے، لیکن اس کے پاس اس میں داخل ہونے کی سند اور سر ٹیفکیٹ نہیں، توکیا امتحان میں شامل ہونے کے لیے جعلی اور نقلی سند تیار کرنا جائز ہے، اور اگر وہ امتحان میں کامیاب ہو جائے توکیا اس کے لیے تنخواہ حاصل کرنا جائز ہوگی یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

شریعت مطہرہ اور اس کے سنہری اہداف سے جو میرے لیے ظاہر ہو رہا ہے کہ ایسا کام کرنا جائز نہیں، کیونکہ یہ جھوٹ اور دھوکہ و فریب کے ذریعہ ملازمت تک پہنچنا اور اس کا حصول ہے، جو کہ ایک غلط اور حرام کاموں میں شامل ہوتا ہے، اور اس سے شر و برائی اور دھوکہ و فراڈ کے راستے کھلتے ہیں.

اس میں کوئی شک نہیں کہ جنہیں ملازمت کا معاملہ سپرد کیا جائے انہیں حتی الامکان امانت دار اور اس ملازمت کے اہل لوگ تلاش کرنے واجب ہیں.